پریس ریلیز

شیل پاکستان نے مالی سال 2022ء کی تیسری سہ ماہی کے لیے مالی نتائج کا اعلان کر دیا

کراچی، پاکستان، 19 اکتوبر، 2022: شیل پاکستان لمٹیڈ (SPL) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 19 اکتوبر، 2022ء کو مالی سال 2022ء کی تیسری سہ ماہی کے لیے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ مالی نتائج کے مطابق کمپنی کو سہ ماہی کے دوران 4,644 ملین روپے کا بعد از ٹیکس نقصان اٹھانا پڑا ہے، اس کے باوجود، کمپنی کو 9 ماہ کی مدت کے لیے 2,863 ملین روپے کا منافع ہوا ہے جبکہ گزشتہ برس اسی سہ ماہی کے دوران 297 ملین روپے اور 9 ماہ کے لیے 2,447 ملین روپے کا منافع ہوا تھا۔

تیل کے شعبے کو میکرو-اکنامک چیلنجوں، مثلاً روپے کی قیمت میں غیر معمولی کمی، بین الاقوامی مارکیٹ میں تیل کی قیمتوں میں بے یقینی اور تباہ کن سیلاب کے اثرات برداشت کرنا پڑے، جس کا نتیجہ صنعت کے حجم میں کمی کی صورت میں ظاہر ہوا۔ تاہم کمپنی اس قابل رہی کہ اپنا مارکیٹ شیئر برقرار رکھ سکے اور اپنی حکمت عملی پر مبنی ترجیحات، عمدہ آپریشنل کارکردگی اور مالی دانشمندی پر توجہ مرکوز رکھے۔

اس عرصے کے دوران، موبیلیٹی کے کاروبار نے اپنے مضبوط سپلائی اور ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کے ذریعے مصنوعات، ایک ایسے موقع پر محفوظ اور کمپلائننٹ انداز میں فراہم کیں جب سپلائی کے دیگر راستے انتہائی دشوار گزار ہو گئے تھے۔

لیوبریکنٹس کا کاروبار، کنزیومرز اور انفلوئنسرز انٹروینشنز کے ذریعے صارف کی چینل مارکیٹ میں اپنا شیئر بڑھانے میں کامیاب رہا اور B2B چینل نے بھی نئے کاروبار کے حصول میں ہوشیاری کا مظاہرہ کیا۔

مزید برآں، بستی کتی مار (Basti Katimar)، جنوبی پنجاب، میں نیشنل رورل سپورٹ پروگرام (NRSP) کے تعاون سے شمسی توانائی سے چلنے والا ملک ریفریجریشن پلانٹ تعمیر کیا جس سے 240 ڈیری فارمرز کو ملک ریفریجریشن یونٹ تک رسائی حاصل ہو گی۔ یہ پروگرام ڈیری فارمرز کو دودھ کی شیلف لائف بڑھانے اور خود اُن کے منافع میں اضافہ کرنے میں مدد دے گا۔

سہ ماہی کے دوران، شیل تعمیر ایوارڈز 2022 بھی منعقد ہوئے۔ یہ ملکی سطح کا مسابقتی پروگرام ہے جس کا مقصد ایسے نوجوان پاکستانی موجدوں کو اعزازت سے نوازنا ہے جو کلین انرجی سولوشنز، ٹیکنالوجی انوویشنز، امپاورنگ ویمن، سرکلر اکنامی، ٹرانسپورٹیشن اینڈ موبیلٹی اور برائٹ آئیڈیاز کے شعبوں میں اپنے انٹرپرینیورل جنون کو مزید مضبوط کر رہے ہیں۔ یہ اعزاز جیتنے والے انٹرپرینیورز کو شیل کے ذریعے سیڈ کیپٹل، بزنس مینٹورنگ، ہائی والیوم نیٹ ورکنگ اور لوکل اور عالمی ریکگنیشن جیتنے کے مواقع دیئے جائیں گے۔ کیمپس ڈرائیوز اور پارٹنر انگیج منٹس بھی منعقد کیں گئیں تاکہ پروگرام کے بارے میں آگاہی پیدا کی جا سکے اور پورے ملک سے، 253 جدید اسٹارٹ اپس اور پروٹوٹائپ اسٹیج آئیڈیاز بھی موصول ہوئے۔

شیل پاکستان لمٹیڈ یہ بات یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز کیے ہوئے اور پر عزم ہے کہ اِس کی مالی پوزیشن مضبوط رہے اور تحفظ کے حوالے سے اس کی کارکردگی اور نیٹ—زیرو کی اپروچ برقرار رہے۔

شیل پاکستان لمٹیڈ حالیہ قیمتوں کے فرق کے دعوؤں کے بروقت تصفیے کے لیے بھی حکومت پاکستان کا شکر گزار ہے اور باقی وصولیوں کے لیے بھی مثبت تصفیے کا منتظر ہے۔

آگے کی جانب پیش قدمی کرتے ہوئے، شیل پاکستان لمٹیڈ موجودہ چیلنجوں کے اثرات کم کرنے کے لیے فعال طور پر کام کرے گا اور مواقع سے فائدہ اٹھانے کی بھی کوشش کرے تاکہ توانائی کے میدان میں پاکستان کے مستقبل کی ترقی میں کلیدی کردار ادا کر سکے۔

☆☆☆